Sui Southern Gas Company Limited

SSGC/CS/2025-190
28 November 2025

**The General Manager**
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Dear Sir,

**SUBJECT: EOGM Notice for Publication in Accordance with Clause 5.6.9(b)**

In compliance with Clause 5.6.9(b) of the Rule Book of the Exchange, please find enclosed the "Notice of Extraordinary General Meeting" to be published in the newspapers on 01 December 2025.

Thanking you.

Yours Sincerely,

**Fawad Ahmed Khan**
Company Secretary

Encl: aa

cc: **The Registrar of Companies**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
State Life Building No.2
Wallace Road,
Karachi.

**Executive Director / HOD**
Offsite -II Department, & Supervision Division,
Securities and Exchange Commission of Pakistan,
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad

# NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting of the shareholders of Sui Southern Gas Company Limited will be held on **Tuesday, December 23, 2025 at 11:30 a.m. at the Jade Hall, Arena, Habib Rehmatullah Road, Karsaz, Karachi** as well as through audio / video link to transact the following business;

**ORDINARY BUSINESSES**

1. To confirm Minutes of the 71st Annual General Meeting of shareholders held on November 27, 2025.
2. To elect eleven (11) Directors of the Company as fixed by the Board of Directors in accordance with the provisions of Section 159 (1) of the Companies Act, 2017 (the "Act") for a term of three (3) years. The retiring Directors, who are eligible for re-election, are as follows:

| | |
|---|---|
| **1. Dr. Shamshad Akhtar** | **5. Dr. Sohail Razi Khan** |
| **2. Mr. Muhammad Raziuddin Monem** | **6. Mr. Shoaib Javed Hussain** |
| **3. Ms. Saira Najeeb Ahmed** | **7. Mr. Ayaz Dawood** |
| **4. Mr. Usman Ahmed Chaudhry** | **8. Mr. Shakeel Qadir Khan** |

A statement of material facts under Section 166(3) of the Companies Act, 2017 is attached with this Notice.

By Order of the Board
**Fawad Ahmed Khan**
Company Secretary

**December 01, 2025**
**Karachi**

## NOTES:

**A. CLOSURE OF SHARE TRANSFER BOOKS**

The Members' Register and Share Transfer Books of the Company will remain closed **from Tuesday, December 16, 2025 to Tuesday, December 23, 2025** (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Share Registrar, CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 - B, Block-B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e-Faisal, Karachi by the close of business hours on **Monday, December 15, 2025**, will be considered in time to determine the above mentioned entitlement and to attend and vote at the Meeting.

**B. PARTICIPATION IN THE GENERAL MEETING.**

A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint another person as his/her proxy to attend and vote. Proxies in order to be effective must be received at Company's registered address SSGC House, Sir Shah Suleman Road, Block-14, Gulshan-e-Iqbal, P.O Box # 17989, Karachi duly stamped and signed not less than 48 hours before the time of meeting.

**C. CDC ACCOUNT HOLDERS WILL HAVE TO FOLLOW FURTHER UNDER MENTIONED GUIDELINES AS LAID DOWN BY THE SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN.**

**a) For attending the meeting:**

i) In case of individuals, the account holders or sub-account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall authenticate their identity by showing their original Computerized National Identity Card (CNIC), or Original Passport at the time of attending the meeting.

ii) In case of Corporate Entities, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominees shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**b) For appointing proxies:**

i) In case of individuals, the account holders or sub account holders and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the Proxy Form as per the above requirements. The Proxy Form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the Proxy Form.

ii) In case of corporate entities, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity, shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with Proxy Form to the Company's Registered address as mention above.

iii) Form of Proxy is attached to the notice of meeting being sent to the members. Proxy Form may also be downloaded from the Company's website i.e. www.ssgc.com.pk

**D. ELIGIBILITY CRITERIA FOR CANDIDATES CONTESTING ELECTION OF DIRECTORS**

I. Any member (including a retiring director) who seeks to contest the election of Directors shall file the following documents / information duly signed, with the Company addressed to the Company Secretary at SSGC House, Sir Shah Suleman Road, Block-14, Gulshan-e-Iqbal, Karachi, not later than fourteen (14) days before the date of the meeting at which the elections are to be held:

a. Notice of his/her intention to offer himself / herself for election of directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.

b. Consent to act as a director on Appendix to Form-9 of the Companies Regulations 2024, as required under section 167 of the Act;

c. Valid Clear copy of CNIC, NTN or Passport

d. A declaration, that he/she is not ineligible to become a director under any provisions of the Companies Act, 2017, the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023, the State Owned Enterprise Ownership and Management Policy, 2023 the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, or any other applicable laws, rules and regulations and that he/she is a member of the Company in terms of Article 79 of Articles of Association of the Company;

e. A declaration under Section 12(3) of the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 that he or she is not serving as director of more than five state-owned enterprises simultaneously, including their subsidiaries;

f. A declaration that the person is aware of the duties and powers of directors under the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023, Companies Act 2017, Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, Securities Act 2015, the Memorandum and Articles of Associations of the Company, Pakistan Stock Exchange (PSX) Rules and other applicable laws/rules/regulations/codes etc.

g. A declaration that he or she is a registered taxpayer and has not been convicted by any court of competent jurisdiction as a defaulter in the payment of any loan to a banking company, development financial institution or a non-banking financial institution and neither he/she nor his/her spouse is engaged in the business of stock brokerage.

h. A detailed profile of the Candidate including his/her office address for placement on the Company's website as required under SECP's SRO 1196(I)/2019 dated October 03, 2019. The prescribed format given on SSGC's website i.e. www.ssgc.com.pk

**II. For Independent Directors**

Independent Directors, whose names are listed on the data bank of Independent Directors maintained by duly authorized institutes by the SECP, will be elected through the process of election of directors in terms of section 159 of the Act and they shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Act, the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018. Accordingly, the following additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an Independent Director:

a. Declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019;

b. Undertaking on non-judicial stamp paper that he or she complies with the fit and proper criteria as prescribed in State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 and that he/she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

III. The appointing authorities, including the Government and other shareholders, shall apply the Fit and Proper Criteria given in Schedule-IV of Section 16 of the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023 in making nominations of the persons for election as Board Members under the provisions of the Act; provided that the requirement to comply with the fit and proper criteria is without prejudice to compliance with any other requirement for the fitness and propriety of directors issued under any special law, rules or regulations by a regulator or authority governing a specified sector.

IV. The specimen of all requisite forms / undertakings / declarations / are available on the Company's website i.e. www.ssgc.com.pk.

V. Pursuant to Section 16 of the State-Owned Enterprises Act, 2023, Federal Government nominees for appointment as Independent Directors are required to meet the Fit and Proper Criteria prescribed in Schedule-IV of the SOEs Act 2023 and shall submit declarations as evidence of compliance therewith.

VI. Attention of the members is invited to Section 11 of the State-Owned Enterprises Act, 2023, which specifies that certain persons shall not be appointed or continue to hold office as Independent Directors. Members are required to ensure that none of the prescribed disqualification conditions apply to them and shall submit a declaration confirming compliance therewith.

**VII. Representation of Minority Shareholders**

1. The Company shall:

i. annex to the notice issued under sub-section (4) of section 159 of the Act, 2017 a statement by a candidate from among the minority shareholders who seeks to contest election to the Board, including a profile of the candidate(s);

ii. provide information regarding members and shareholding structure to the candidate(s); and

iii. on a request by the candidate(s) and at the cost of the Company, annex to the notice issued under sub-section (4) of section 159 of the Companies Act, 2017 an additional copy of Proxy Form duly filled in by such candidate(s).

**E. PARTICIPATION IN THE GENERAL MEETING**

The Company has made arrangements for participation of shareholders in the EOGM via video link. Those members who are willing to attend and participate in the EOGM via video link are requested to register themselves by sending an email along with following particulars and valid copy of both sides of Computerized National Identity Card (CNIC) at **cdcsr@cdcsrsl.com** with subject of 'Registration for EOGM' not less than 48 hours before the time of the meeting or send a message via WhatsApp on +92 321 820 0864 along with a valid scanned copy of the applicant's CNIC. While participating through electronic means, members are advised to provide the following mandatory information:

| Name of Shareholder | CNIC # | Name of Company | Folio / CDS Ac # | Cell No. | E-mail Address |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

Members will be registered after necessary verification as per the above-required information and will be provided with a video link at their provided email address. The login facility will be opened thirty (30) minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after the identification process on December 23, 2025.

**F. CHANGE OF ADDRESS**

Members are requested to promptly notify any change in their addresses to Company's Share Registrar. Whereas, Shareholders maintaining their shares in book entry form should have their address updated with their participant / CDC Investor Account Service.

**G. VOTING THROUGH E-VOTING AND POSTAL BALLOT PAPER**

Pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and notified amendments, members will be allowed to exercise the right to vote through electronic voting facility and postal ballot for the purpose of election of directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 of the Act, 2017 voting shall be conducted in the manner and as per the procedures contained in the Regulations.

**H. VOTING RIGHTS OF MEMBERS AT THE GENERAL MEETING UNDER S.R.O. 451(I)/2025**

Pursuant to S.R.O. 451(I)/2025 dated March 13, 2025, issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), members / shareholders who did not cast their vote through electronic voting or postal ballot prior to the date of the EOGM and attend the meeting in person shall be allowed to cast their vote in person at the EOGM through ballot paper.

Proxy holders duly appointed by members in accordance with applicable laws and the Company's proxy requirements shall also be permitted to cast the vote of the member they represent at the EOGM through ballot paper, provided that the member has not exercised voting rights through electronic voting or postal ballot prior to the meeting. Such proxy holders must present their original CNIC, the valid Proxy instrument (submitted not later than 48 hours before the meeting) under the Company's Proxy guidelines at the time of attending the EOGM.

**I. CIRCULATION OF NOTICE THROUGH EMAIL**

Pursuant to S.R.O 452(I)/2025, Notice of the EOGM shall be circulated to members at their registered email addresses provided to the Company, in accordance with applicable laws.

**J. CONSENT FOR VIDEO CONFERENCE FACILITY**

In accordance with Section 132 and 134 of the Companies Act, 2017, members can also avail video conference facility.

If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location other than the city of the Meeting, to participate in the meeting through video conference at least 7 days prior to the date of the General Meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. In this regard, please fill the following form and submit the same to the registered address of the Company 7 days before holding of the General Meeting.

The Company will intimate to members regarding the venue of video conference facility at least 03 days before the date of the meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

I/We, ____________________________ of ________________________, being a member of Siu Southern Gas Company Limited, holder of ___________________ ordinary share (s) as per Registered Folio/CDC Account No. _____________________________ hereby opt for video conference facility at ____________________________________.

**K. PROHIBITION OF DISTRIBUTION OF GIFTS**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan (the "SECP"), vide S.R.O.452(1)/2025 has strictly prohibited companies from providing gifts or incentives, in lieu of gifts tokens/coupons /lunches/takeaway/packages) in any form or manner, to shareholders at or in connection with General Meetings. Under Section 185 of the Act, 2017 any violation of this directive is considered an offense, and companies failing to comply may face penalties.

**L. APPOINTMENT OF SCRUTINIZER**

In accordance with the Regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 (the "Regulations"), the Board of the Company has appointed M/s. Yousuf Adil, Chartered Accountants, a QCR rated audit firm, to act as scrutinizer of the Company for the election of directors and to undertake other responsibilities as defined in Regulation 11A of the Regulations.

**Agenda item No. 2**

**STATEMENT OF MATERIAL FACTS UNDER SECTION 166(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

In accordance with Section 166 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018, any person eligible under Section 153 and meeting the criteria specified under Section 166(2) may submit a nomination to be elected as an Independent Director. Independent directors are elected in the same manner as other directors pursuant to Section 159 of the Companies Act, 2017.

Sui Southern Gas Company Limited is required to maintain a majority of Independent Directors on its Board under the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023. After a notice of intention to contest the election is filed with the Company, the appointing authorities, including the Government and other shareholders, shall apply the "Fit and Proper" criteria prescribed under Section 16 of the State-Owned Enterprises (Governance and Operations) Act, 2023. The Company shall also conduct due diligence to determine the status of a director as an Independent Director in accordance with applicable laws and regulations.

A final list of contesting candidates shall be published in newspapers not later than seven (7) days before the date of the Extraordinary General Meeting (EOGM) in terms of Section 159(4) of the Companies Act, 2017. Whereas in case of election of directors, if the number of candidates for the election of directors exceeds the number of directors fixed under Section 159 of the Act, 2017, the ballot paper shall be published at least seven days prior to the EOGM. Members may also cast their votes through e-voting in accordance with the procedures set out in the Regulations and other applicable laws, and the requisite information for each candidate will be made available on the Company's website.

None of the Directors of the Company has any direct or indirect interest in the business, except to the extent that they are eligible to offer themselves for election as directors.

SSGC | Sui Southern Gas Company Limited

پاکستان انسداد پولیو پروگرام PAKISTAN POLIO ERADICATION PROGRAMME

PID(K) /25 www.ssgc.com.pk

54 x 4
24-11-2025

# اطلاع برائے غیر معمولی عام اجلاس

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی عام اجلاس مورخہ منگل، 23 دسمبر 2025 کو صبح 11:30 بجے جیڈ ہال، ایرینا، حبیب رحمت اللہ روڈ، کارساز، کراچی میں، درج ذیل اُمور کی انجام دہی کیلئے آڈیو/ویڈیو لنک کے ذریعے بھی منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور**

1۔ مورخہ 27 نومبر 2025 کو منعقد ہونے والے 71 ویں سالانہ عام اجلاس کے منٹس کی توثیق کرنا۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1) 159 کے تحت، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقررہ تعداد کے مطابق کمپنی کے گیارہ (11) ڈائریکٹرز کے انتخاب کا معاملہ، جنہیں تین (3) سال کی مدت کے لیے منتخب کیا جائے گا۔

وہ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز، جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں، درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔ ڈاکٹر شمشاد اختر | ۲۔ جناب محمد رضی الدین مونیم |
| ۳۔ محترمہ سائرہ نجیب احمد | ۴۔ جناب عثمان احمد چوہدری |
| ۵۔ ڈاکٹر سہیل رضی خان | ۶۔ جناب شعیب جاوید حسین |
| ۷۔ جناب ایاز داؤد | ۸۔ جناب شکیل قادر خان |

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 166 کے تحت بیانِ اہم حقائق اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

01 دسمبر 2025

کراچی

بحکم بورڈ

**فواد احمد خان**

کمپنی سیکریٹری

## نوٹس

**(A) شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش**

کمپنی ممبران کا رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر بکس منگل، 16 دسمبر 2025 سے منگل، 23 دسمبر 2025 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کے دفتر میں پیر، 15 دسمبر 2025 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی درست ٹرانسفرز کو مذکورہ بالا اہلیت کے تعین اور اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

**(B) اجلاسِ عام میں شرکت**

وہ ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہو، اپنے لیے کسی اور شخص کو پراکسی مقرر کرنے کا مجاز ہے جو اس کی طرف سے شرکت اور ووٹ دے سکے۔ پراکسی مؤثر ہونے کے لیے، کمپنی کے رجسٹرڈ پتے: ایس ایس جی سی ہاؤس، سر شاہ سلیمان روڈ، گلشنِ اقبال، پی او باکس نمبر 17989، کراچی پر اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل باقاعدہ اسٹامپ اور دستخط شدہ صورت میں موصول ہونا ضروری ہے۔

**(C) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو لازمی طور پر سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔**

**a) اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اصل شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کروائیں گے۔

ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد نمائندگان کے نمونے کے دستخط کے ساتھ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

**b) پراکسی کی تقرری کے لیے:**

i) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، وہ پراکسی فارم مذکورہ ضوابط کے مطابق جمع کرائیں۔ پراکسی فارم پر دو گواہوں کے نام، پتے اور CNIC نمبر درج ہوں، اور بینیفشل اونر اور پراکسی، دونوں کے تصدیق شدہ CNIC/ پاسپورٹ کی نقول فارم کے ساتھ منسلک ہوں۔

ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی نامزد نمائندے کے دستخط کے نمونے کے ساتھ (اگر پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرانا لازمی ہے۔

iii) پراکسی فارم اجلاس کے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے، جو ممبران کو بھیجا گیا ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.ssgc.com.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

**D۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کے لیے اہلیت کا معیار**

I۔ کوئی بھی ممبر (بشمول ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹر) جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، اجلاس کی تاریخ (جس تاریخ پر الیکشنز ہونگے) سے چودہ (14) دن قبل کمپنی سیکریٹری کے نام، اس پتے: ایس ایس جی سی ہاؤس، سر شاہ سلیمان روڈ، بلاک-14، گلشنِ اقبال، کراچی پر، دستخط شدہ دستاویزات/معلومات جمع کرائے:

a۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کیلئے اپنے ارادے کا نوٹس۔

b۔ کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے فارم-9 کے ضمیمہ میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی، جیسا کہ ایکٹ کی دفعہ 167 کے تحت درکار ہے۔

c۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ، این ٹی این یا پاسپورٹ کی واضح اور درست نقل۔

d۔ ایک اقرار نامہ کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ 2017، اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ 2023، اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائز اونرشپ اینڈ مینجمنٹ پالیسی 2023، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 یا کسی بھی دیگر قابل اطلاق قوانین، قواعد اور ضوابط کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے، اور یہ کہ امیدوار کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 79 کے مطابق کمپنی کا/ کی رکن ہے:

e۔ اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ 2023 کی دفعہ (3) 12 کے تحت ایک اقرار نامہ کہ امیدوار بیک وقت پانچ سے زیادہ اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (بشمول ان کی ذیلی کمپنیز) میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی۔

f۔ ایک اقرار نامہ کہ امیدوار اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ 2023، کمپنیز ایکٹ 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، سیکیورٹیز ایکٹ 2015، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) کے قواعد اور دیگر قابل اطلاق قوانین/ قواعد/ ضوابط/ کوڈز کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

g۔ ایک اقرار نامہ کہ امیدوار رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ ہے، اور اسے کسی مجاز عدالت نے کسی بینک، ڈویلپمنٹ فنانشل ادارے یا نان بینکنگ فنانشل ادارے کو قرض کی ادائیگی میں ڈیفالٹر قرار دے کر قانونی کارروائی نہیں کی، اور یہ کہ نہ وہ خود اور نہ اس کا/ کی شریکِ حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار میں شامل ہے۔

h۔ امیدوار کی تفصیلی پروفائل، بشمول دفتر کا پتہ، جو ایس ای سی پی کے ایس آر او 2019/(I)1196 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کی جائے گی۔ پروفائل کا مقررہ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.ssgc.com.pk پر دستیاب ہے۔

**II۔ آزاد ڈائریکٹرز کے لیے**

آزاد ڈائریکٹرز، جن کے نام SECP کے مجاز اداروں کے زیرِ انتظام ڈیٹا بینک آف انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز پر درج ہیں ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے منتخب کیے جائیں گے، اور وہ ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (مینر اور سلیکشن برائے آزاد ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 میں فراہم کردہ معیار پر پورا اتریں گے۔ اس مقصد کے لیے، آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

a۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق (3) 6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر کا اقرار نامہ؛

b۔ نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر ایک تحریری عہد نامہ کہ امیدوار اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ 2023 میں بیان کردہ فِٹ اور پراپر معیار پر پورا اترتا/ اترتی ہے، اور کمپنیز (مینر اور سلیکشن برائے آزاد ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے ضوابط (1) 4 کے تقاضوں کو بھی پورا کرتا/ کرتی ہے۔

III۔ تقرری کی مجاز اتھارٹیز، بشمول حکومت اور دیگر شیئر ہولڈرز، اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ 2023 کی دفعہ 16 کے شیڈول-IV میں فراہم کردہ فِٹ اینڈ پراپر معیار کو مدِنظر رکھتے ہوئے بورڈ ممبران کے انتخاب کے لیے امیدواروں کی نامزدگی کریں گے؛ بشرطیکہ فِٹ اینڈ پراپر معیار پر عمل درآمد، کسی مخصوص شعبے کے ریگولیٹری یا اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ کسی خصوصی قانون، قواعد یا ضوابط کے تحت ڈائریکٹرز کے لیے دیگر درکار معیارات پر عمل درآمد کے تقاضے پر اثر انداز نہیں ہو۔

IV۔ تمام مطلوبہ فارمز/ اقرار نامے/ ڈکلیئریشنز کے نمونے کمپنی کی ویب سائٹ www.ssgc.com.pk پر دستیاب ہیں۔

V۔ اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز ایکٹ 2023 کی دفعہ 16 کے تحت، آزاد ڈائریکٹرز کی تقرری کے لیے وفاقی حکومت کے نامزد امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ مذکورہ ایکٹ کے شیڈول-IV میں دیے گئے فِٹ اینڈ پراپر معیار پر پورا اتریں، اور اس کی تعمیل کے ثبوت کے طور پر متعلقہ اقرار نامے جمع کرائیں۔

VI۔ اراکین کی توجہ اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائز ایکٹ 2023 کی دفعہ 11 کی طرف مبذول کرائی جاتی ہے، جس میں اُن مخصوص افراد کی نشاندہی کی گئی ہے جو آزاد ڈائریکٹر مقرر نہیں ہو سکتے یا اپنے عہدے پر برقرار نہیں رہ سکتے۔ اراکین سے یہ درکار ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان پر کوئی بھی تجویز کردہ نااہلی لاگو نہ ہوتی ہو، اور اس سلسلے میں اس کی تعمیل کے ثبوت کے طور پر اقرار نامہ جمع کرائیں۔

**VII۔ اقلیت کے شیئر ہولڈرز کی نمائندگی**

1۔ کمپنی درج ذیل امور کی پابند ہوگی:

i۔ ایکٹ 2017 کی دفعہ (4) 159 کے تحت جاری کردہ نوٹس کے ساتھ کمپنی اقلیتی شیئر ہولڈرز میں سے ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدوار کا بیان منسلک کرے گی، جس میں امیدوار کا پروفائل بھی شامل ہوگا۔

ii۔ امیدوار کو کمپنی کے اراکین اور شیئر ہولڈنگ اسٹرکچر سے متعلق معلومات فراہم کرے گی۔

iii۔ امیدوار کی درخواست پر، اور کمپنی کے خرچ پر، ایکٹ 2017 کی دفعہ (4) 159 کے تحت جاری کردہ نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم کی ایک اضافی کاپی، جو امیدوار کی طرف سے درست طریقے سے مکمل ہو، منسلک کی جائے گی۔

**E۔ عام اجلاس میں شرکت**

کمپنی نے شیئر ہولڈرز کے لیے ویڈیو لنک کے ذریعے EOGM میں شرکت کی سہولت فراہم کی ہے۔ وہ ممبران جو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، وہ درج ذیل معلومات اور اپنے شناختی کارڈ (CNIC) کے دونوں جانب کی اسکین شدہ کاپی کے ساتھ، اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل، ای میل cdcsr@cdcsrsl.com پر 'رجسٹریشن برائے غیر معمولی اجلاسِ عام' کے عنوان کے ساتھ بھیج کر خود کو رجسٹر کروائیں، یا بذریعہ واٹس ایپ نمبر 0864 820 321 92+ پر اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی اسکین شدہ کاپی کے ساتھ رجسٹریشن کرائیں۔ ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے والے ممبران کے لیے درج ذیل معلومات فراہم کرنا لازمی ہے:

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | کمپنی کا نام | فولیو سی ڈی ایس اکاؤنٹ | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | ایس ایس جی سی | | | |

مذکورہ بالا لازمی معلومات کی ضروری تصدیق کے بعد ممبران کو رجسٹر کیا جائے گا، اور انہیں ان کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ویڈیو لنک بھیج دیا جائے گا۔ اجلاس میں شرکت کے لیے لاگ اِن کی سہولت 23 دسمبر 2025 کو اجلاس کے وقت سے تیس (30) منٹ قبل کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء شناخت کے عمل کے بعد اجلاس میں شامل ہو سکیں۔

**F۔ پتہ کی تبدیلی**

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوراً کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ مزید یہ کہ وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے شیئرز بک انٹری فارم میں رکھتے ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ اپنے پتے اپنے پارٹیسپنٹ/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروس کے ذریعے اپ ڈیٹ کروائیں۔

**G۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور اس میں جاری کردہ ترمیمات کے مطابق ممبران کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنے ووٹ کے حق کا استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، اگر انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کی تعداد ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو تو ایسی صورت میں ووٹنگ ریگولیشنز میں درج طریقہ کار اور ضوابط کے مطابق کی جائے گی۔

**H۔ S.R.O. 451(I)/2025 کے تحت اجلاسِ عام میں ممبران کے ووٹنگ حقوق**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے 13 مارچ 2025 کو جاری کردہ S.R.O.451(I)/2025 کے تحت، وہ ممبران/شیئر ہولڈرز جنہوں نے غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ نہیں ڈالا ہوگا اور اجلاس میں ذاتی حیثیت میں شریک ہوں گے، وہ اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں بیلٹ پیپر کے ذریعے اپنا ووٹ ڈالنے کے اہل ہوں گے۔

وہ پراکسی ہولڈرز، جو قابلِ اطلاق قوانین اور کمپنی کی پراکسی ضروریات کے مطابق ممبران کی جانب سے باضابطہ طور پر مقرر کیے گئے ہوں، انہیں بھی اجازت ہوگی کہ وہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں اس ممبر کی جانب سے بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹ ڈال سکیں، جس کی وہ نمائندگی کر رہے ہوں، بشرطیکہ متعلقہ ممبر نے اجلاس سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ استعمال نہ کیا ہو۔ ایسے پراکسی ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ اور کمپنی کی پراکسی ہدایات کے تحت جمع کرایا گیا درست پراکسی دستاویز (جو اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرایا گیا ہو) پیش کرنا لازم ہوگا۔

**I۔ ای میل کے ذریعے نوٹس کی ترسیل**

S.R.O 452(I)/2025 کے تحت، غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق کمپنی کو فراہم کردہ اراکین کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر بھیجی جائے گی۔

**J۔ ویڈیو کانفرنس سہولت کے لیے رضامندی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 132 اور 134 کے مطابق، ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔

اگر کمپنی کو اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل، ایسے ممبران کی جانب سے جو مجموعی طور پر 10 فیصد یا زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھتے ہوں، اور جو اجلاس کے شہر کے علاوہ کسی دوسرے مقام پر رہائش پذیر ہوں، اُن کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی باقاعدہ رضامندی موصول ہو، تو کمپنی متعلقہ شہر میں سہولت کی دستیابی سے مشروط، ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔ اس سلسلے میں، براہ کرم درج ذیل فارم مکمل کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر اجلاسِ عام سے 7 روز قبل جمع کرائیں۔

کمپنی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 3 دن قبل اراکین کو ویڈیو کانفرنس سہولت کے مقام کے متعلق مطلع کرے گی، اور اس سہولت تک رسائی کے لیے درکار مکمل معلومات بھی فراہم کرے گی۔

میں/ہم ____________ ساکن ____________________، بحیثیت ممبر سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ، فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر ________________________

کے مطابق __________ عدد عمومی شیئرز کے حامل، بذریعہ ہذا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ویڈیو کانفرنس سہولت حاصل کرنے کا انتخاب کرتا/ کرتی ہوں۔

**K۔ تحائف کی تقسیم پر پابندی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے S.R.O.452(1)/2025 کے ذریعے کمپنیز پر اجلاسِ عام کے موقع پر شیئر ہولڈرز کو کسی بھی نوعیت کے تحائف یا مراعات (جیسے تحائف، ٹوکنز، کوپن، لنچ، ٹیک اَوے پیکجز وغیرہ) دینے پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔ ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 کے تحت اس ہدایت کی خلاف ورزی ایک جرم تصور ہوگی، اور خلاف ورزی کرنے والی کمپنی پر جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔

**L۔ اسکروٹنائزر کی تقرری**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی ریگولیشن 11 کے مطابق، کمپنی کے بورڈ نے میسرز یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو ایک QCR ریٹیڈ آڈٹ فرم ہے، کو کمپنی کے لیے ڈائریکٹرز کے انتخاب کا اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے، جو ریگولیشن 11A کے تحت دیگر متعلقہ ذمہ داریاں بھی ادا کرے گی۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 2**

**کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3) 166 کے تحت مادی حقائق کا بیان**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 اور کمپنیز (مینر اور سلیکشن برائے انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، وہ تمام افراد جو دفعہ 153 کے تحت اہل ہوں اور دفعہ (2) 166 میں بیان کردہ معیار پر پورا اتریں، آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے اپنی نامزدگی جمع کرا سکتے ہیں۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159 کے تحت دیگر ڈائریکٹرز کے طریقہ انتخاب کے مطابق ہوتا ہے۔

سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ کو اسٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ 2023 کے تحت اپنے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹرز کی اکثریت برقرار رکھنا لازمی ہے۔ انتخاب میں حصہ لینے کے ارادے کا نوٹس جمع کرائے جانے کے بعد، حکومت اور دیگر شیئر ہولڈرز سمیت تقرری کیلئے مجاز اتھارٹیز فِٹ اینڈ پراپر معیار (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ 2023 کو مدِنظر رکھتے ہوئے امیدواروں کی نامزدگی کریں گے۔ کمپنی بھی قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کے مطابق امیدوار کی آزاد ڈائریکٹر حیثیت کی ڈیو ڈیلیجنس کرے گی۔

غیر معمولی عام اجلاس (EOGM) سے کم از کم 7 روز قبل کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (4) 159 کے تحت انتخاب میں حصہ لینے والے تمام امیدواروں کی حتمی فہرست اخبارات میں شائع کی جائے گی۔ اور اگر ڈائریکٹرز کے انتخاب میں امیدواروں کی تعداد، دفعہ 159 کے تحت مقررہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو بیلٹ پیپر بھی غیر معمولی عام اجلاس سے کم از کم 7 دن پہلے شائع کیا جائے گا۔ ممبران ریگولیشنز اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق ای ووٹنگ کے ذریعے بھی اپنا ووٹ ڈال سکیں گے، اور ہر امیدوار سے متعلق مطلوبہ معلومات کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کی جائیں گی۔

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا اس اجلاس کے امور میں کوئی براہِ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں، سوائے اس حد تک کہ وہ بطور امیدوار انتخاب میں حصہ لینے کے اہل ہیں۔

پاکستان انسداد پولیو پروگرام — PAKISTAN POLIO ERADICATION PROGRAMME

سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ — SSGC

PID(K) /25 — www.ssgc.com.pk

54 x 4

24-11-2025